**شرکت کرنے کے رہنما اصول۔ - مائیکرو سافٹ ٹیمز (Microsoft Teams) آن لائن ورکشاپ**

## آن لائن ورکشاپ - کیا توقع کرنا چاہیے

- ہماری آنے والی ورکشاپس میں سے کسی ایک میں آپ کی شرکت کے لئے ہم پرجوش ہیں.
- ہم مباحثہ کی سہولت فراہم کریں گے اور ہر ایک کو شرکت کا موقع فراہم کرنے کی پوری کوشش کریں گے.
- ہم نے مختلف نظام الاوقات کو ایڈجسٹ کرنے کے لئے آن لائن ورکشاپس کی منصوبہ بندی کی ہے.
- جو پلیٹ فارم ہم استعمال کریں گے وہ مائیکرو سافٹ ٹیمز (Microsoft Teams) ہے - ہدایات درج ذیل ہیں.

## مندرجہ ذیل آلات/سامان کی ضرورت ہے


- ٹیمز سے رابطہ جوڑنے کیلئے کمپیوٹر (لیپ ٹاپ یا ڈیسک ٹاپ)، ٹیبلٹ یا فون
  - اگر آپ کمپیوٹر (لیپ ٹاپ یا ڈیسک ٹاپ) کے ذریعے سے رابطہ جوڑ رہے ہیں تو آپ ویب براؤزر (web browser)، یا ایم ایس ٹیمز (MS Teams) ایپلی کیشن استعمال کرسکتے ہیں
  - اگر آپ ٹیبلٹ یا فون کے ذریعے رابطہ جوڑ رہے ہیں تو، آپ کو اپنے ڈیوائس کے ایپ اسٹور سے ایم ایس ٹیمز کی مفت ایپلی کیشن ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت ہوگی
- آواز سننے کے لئے ائیر بڈز(Ear buds) یا اسپیکر
- بات کرنے کے لئے ہیڈ سیٹ (headset) یا مائکروفون
- کیمرا (اختیاری)، تا کہ آپ لوگوں کو نظر آئیں

## میٹنگ میں شرکت کے لئے ہدایات


آن لائن ورکشاپ میں شامل ہونے کا طریقہ کار کافی آسان ہے. تاہم، ابتدا کرنے میں آپ کی مدد کے لئے ہم نے کچھ تجاویز اور ترکیبیں فراہم کی ہیں. **براہ کرم وقت سے چند منٹ پہلے ہی لاگ ان ہونے کی کوشش کریں** کیونکہ ہمیں بہت سی چیزوں پر بات کرنی ہو گی اور ہم میٹنگ وقت پر شروع کرنا چاہیں گے. اگر آپ مائیکرو سافٹ ٹیمز کے استعمال سے واقف نہیں ہیں تو اس کو ٹیسٹ کرنے کے لیے، **براہ کرم سیشن کے شروع ہونے سے 15 منٹ قبل ہمارے ساتھ شریک ہونے کی کوشش کریں.**

### لیپ ٹاپ یا کمپیوٹر کے ذریعہ سے شریک ہونا (یہ تجویزکیا جاتا ہے)


- دعوت نامہ میں فراہم کردہ لنک پر کلک کریں.
- اگر آپ لیپ ٹاپ یا ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر کے ذریعہ شریک ہو رہے ہیں تو، آپ کو مائیکروسافٹ ٹیمز ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت نہیں ہے. تاہم، ایپ کے ہونے سے بہتر فعالیت حاصل ہوتی ہے (یعنی آپ کو ویڈیو فنکشن دستیاب ہوگا). آپ آن لائن، یا ٹیم ایپ کے ذریعہ میٹنگ میں شامل ہونے کا انتخاب کرسکیں گے.





- اگر آپ ویب (web) سے شامل ہو رہے ہیں تو، آپ کو میٹنگ کے لیے اپنے آڈیو اور ویڈیو کی سیٹنگ کا انتخاب کرنے اور شامل ہونے سے پہلے اپنا نام درج کرنے کے لیے اشارہ ملے گا.





- ویجیٹ فار ڈیوائسز (widget for Devices)، آپ کو ایک فہرست انتخاب فراہم کرے گا جہاں آپ اپنا اسپیکر، مائکروفون اور کیمرے کا ماخذ منتخب کرسکتے ہیں.





- اگر آپ آواز کے لیے فون کے ذریعہ شامل ہونا چاہتے ہیں تو، فون آڈیو (phone audio) کو منتخب کریں۔




- آپ کے سامنے ایک پاپ-اپ (pop-up) آئے گا جہاں آپ اپنا فون نمبر داخل کرسکیں گے اور ٹیمز آپ کو کال کرے گی، یا آپ خود ڈائل-ان (Dial-in manually) منتخب کرسکتے ہیں، اور آپ دعوت نامہ میں دیئے گئے نمبر پر کال کرسکتے ہیں؛ آپ کو کانفرنس آئی ڈی نمبر داخل کرنے کے لیے اشارہ ملے گا، یہ ایک منفرد نمبر ہے جو آپ کو ملنے والے دعوت نامے میں فراہم کیا گیا ہو گا. **لیکن براہ کرم جب آپ بول نہیں رہے ہوں تو اپنے فون کو خاموش (mute) کرنا یاد رکھیں.**





- جب آپ میٹنگ میں شامل ہوجائیں گے تو، آپ کو کچھ لمحات کے لیے "لابی" میں انتظار کرنا پڑے گا جب تک کہ مہتمم آپ کو میٹنگ میں داخل ہونے دے۔
- جب آپ اپنے ویب براؤزر سے میٹنگ میں شامل ہوجائیں گے تو، آپ کی اسکرین اس طرح (جیسے نیچے ہے) نظر آنی چاہئے – لیکن یہ آپ کے کمپیوٹر کی اہلیت پر منحصرہوگا کہ ویب براؤزر کے ذریعے شامل ہونے سے آپ کو ویڈیو کی سہولت شاید نہ ملے۔





## موبائل ڈیوائس کے ذریعہ شامل ہونا (اسمارٹ فون یا ٹیبلٹ)


- دعوت نامہ میں فراہم کردہ لنک پر کلک کریں۔
- اگر آپ موبائل آلہ کے ذریعہ سے شامل ہو رہے ہیں تو، آپ کو ایپل ایپ اسٹور، گوگل پلے، یا جہاں سے بھی آپ اپنی ایپس حاصل کرتے ہیں، مائیکروسافٹ ٹیمز ایپ ڈاؤن لوڈ کرنے کی ضرورت ہوگی۔ یہ ایک مفت ڈاؤن لوڈ ہے۔ ایونٹ کے لنک پر کلک کرنے کے بعد آپ کو اسے ڈاؤن لوڈ کرنے کا اشارہ ملے گا۔
  - ایپ کو پہلے سے ہی انسٹال کرلیں تاکہ آپ کسی بھی سیشن سے محروم نہ ہوں۔
  - نوٹ کریں کہ ایپل ڈیوائسز کے لیے، ٹیمز کو استعمال کرنے کے لیے آپ کے ڈیوائس میں iOS 11 یا اس سے جدید انسٹال ہونا چاہئے۔
- ایک بار ڈاؤن لوڈ ہونے کے بعد، آپ میٹنگ میں بطور مہمان شرکت کرسکیں گے۔ اس کے لئے مائیکروسافٹ ٹیمز کے اکاؤنٹ کی ضرورت نہیں ہے، لہٰذا آپ کو اکاؤنٹ بنانے کی فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- بعض اوقات، براہ راست سوال و جواب کے لنک کی پیروی کرتے وقت نیچے دکھائے گئے پیغام کی طرح آپ کو ایک غلطی کا پیغام ملے گا۔ مائیکرو سافٹ ٹیمز ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے صرف OK پر کلک کریں، اور پھر اپنے ایپ اسٹور پر جائیں۔




- اپنے موبائل ڈیوائس پر ٹیمز ایپ کے ذریعہ گمنام نام سے شامل ہونے کے لئے، "مہمان کی حیثیت سے شامل ہوں" کے بٹن پر کلک کریں. ایپ میں شامل ہونے کے وقت آپ کو نام درج کرنے کی ضرورت ہوگی. یہ یوزر نیم (username) ہے اور آپ جو بھی منتخب کریں وہ ہوسکتا ہے. براہ کرم اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کے یوزر نیم میں نامناسب زبان استعمال نہیں ہوئی ہے.





- جب آپ موبائل ڈیوائس سے میٹنگ میں شامل ہوجاتے ہیں تو، آپ کے موبائل پر آپ کی اسکرین اس طرح کی ہوگی (جیسے نیچے ہے)





## میٹنگ کے آداب


- خود کو میٹنگ کے لیے تیار کرنے سے پہلے، اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ ایسی جگہ پر ہیں جو اختلال توجہ اور دیگر شور سے پاک ہو جو آپ کی شرکت میں مداخلت کا سبب بنے.
- جب آپ میٹنگ میں داخل ہوں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا مائیکروفون خاموش (mute) ہے.



- میٹنگ کے دوران جب آپ بول نہیں رہے ہیں تو، براہ کرم اپنے آپ کو خاموش (mute) رکھے رہیں۔
  - میٹنگ کا مہتمم ان مائکروفونز کو بند کر دے گا جو کھلے رہ گئے ہوں گے.
- آپ کو جب بولنا ہو تو اپنے ماؤس (mouse) کو ہاتھ اوپر کرنے کے فنکشن (سرخ مربع کے اندر آئکن (icon پرلہرائیں۔




- آپ کے سامنے یہ آپشنز ظاہر ہوں گے. اپنا ہاتھ اوپر کرنے کے لیے، ہاتھ پر کلک کریں. اپنا ہاتھ نیچے کرنے کے لئے، ہاتھ پر دوبارہ کلک کریں۔



- جب آپ ہاتھ اوپر کرتے ہیں تو مہتمم ان سے بات کرنے کے لیے کہے گا جن کی بات کرنے کی باری ہے. براہ کرم جب تک آپ کو بولنے کے لئے کہا نہ جائے اس وقت تک نہ بولیں، ہم ہاتھ اٹھانے کی ترتیب کے مطابق چلنے کی پوری کوشش کریں گے.
  - اگر آپ بولنے کو ترجیح نہیں دیتے ہیں تو، مباحثہ کے دوران آپ اپنی رائے دینے کے لئے چیٹ سیکشن (chat section) کا استعمال کرسکتے ہیں.
  - ہم چیٹ سیکشن سے تمام تبصرے حاصل کریں گے.
  - جب آپ اپنی بات مکمل کر لیں تو اپنے مائیکروفون کو دوبارہ خاموش (mute) کرنا یاد رکھیں اور ہاتھ کے آئکن (icon) کو دوبارہ دبا کر اپنے ہاتھ کو نیچے کردیں.
- اگر آپ کو رابطہ قائم کرنے میں مسائل درپیش ہیں تو، اپنی ویڈیو کو بند کر کے کوشش کریں.

## شرکت کے رہنما اصول

- تمام شرکاء کا احترام کریں؛
- تمام خیالات کو کھلے ذہن سے سنیں؛
- قائم شدہ طریقہ کار اور وقت کی حد پر عمل کریں؛
- ہر ایک کو بولنے کا موقع دیں؛
- لوگوں کو بغیر کسی خلل اندازی کے بولنے کی اجازت دیں؛
- سب کو شریک کرنے کی کوشش کریں؛
- برائے مہربانی قابل احترام زبان اور لب ولہجہ استعمال کریں؛